## ایس آئی آر کے ذریعہ جمہوریت کو برباد کیا گیا، اب بچا ہی کیا ہے: پپو یادو

پٹنہ (ایجنسی) بہار کے پورنیہ سے آزاد رکن پارلیمنٹ پپو یادو نے وندے ماترم، ایس آئی آر ووٹر لسٹ ٹائم لائن، نکسل واد کو ختم کرنے کے حوالے سے نریندر مودی کے بیان اور رانچی طلبہ احتجاج پر ردعمل کا اظہار کیا ہے۔ خبر رساں ایجنسی 'آئی اے این ایس' سے بات کرتے ہوئے ایس آئی آر کو لے کر پپو یادو نے کہا کہ ''کس کی بات کی جارہی ہے جس نے ایس آئی آر کے ذریعہ جمہوریت کو برباد کر دیا اور آئین کی بنیادی طاقت کو ختم کیا۔ اب بچا کیا ہے، حکومت تو زبردستی بنا لی گئی۔'' 'وندے ماترم' پر بی جے پی کی جانب سے سوال کھڑے کیے جانے پر پپو یادو نے کہا کہ ''بی جے پی کو جو بولنا ہے وہ بولے گی۔ ہر آدمی کو آزادی ہے۔ ان کی جانب سے بچوں کو ڈرایا جاتا ہے۔ جس نے آئین کو نہیں مانا، رام کو بھگوان ماننے سے انکار کر دیا۔

# مجھے دماغی نکسل ہونے پر فخر ہے

## وزیر اعظم مودی کے 'دماغی نکسل واد' والے بیان پر پی چدمبرم کا ردعمل



نئی دہلی۔(ایجنسی) کانگریس کے سینئر لیڈر پی چدمبرم نے وزیر اعظم نریندر مودی کے 'دماغی نکسل واد' والے بیان پر سخت جوابی حملہ کیا ہے۔ چدمبرم نے اتوار کو سوشل میڈیا پلیٹ فارم 'ایکس' پر انتہائی مختصر پوسٹ کرتے ہوئے لکھا کہ ''مجھے 'دماغی نکسل' ہونے پر فخر ہے۔'' ان کا یہ بیان وزیر اعظم مودی کے یوم آزادی کے موقع پر لال قلعے سے کی گئی تقریر کے ایک دن بعد آیا ہے۔ وزیر اعظم مودی نے اپنے خطاب میں کہا تھا کہ ''مسلح 'نکسل واد' ختم ہو چکا ہے، لیکن 'دماغی نکسل' اب بھی موقع کی تلاش میں ہے اور انہیں شناخت کر کے الگ تھلگ کرنا ہوگا۔'' 80ویں یوم آزادی کے موقع پر لال قلعے کی فصیل سے نوجوانوں سے خطاب کرتے ہوئے وزیر اعظم مودی نے کہا تھا کہ مسلح نکسل واد ختم ہو چکا ہے، لیکن 'دماغی نکسل' تشدد اور انتشار کے راستے تلاش کررہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ایسے لوگوں کی شناخت کر کے انہیں الگ تھلگ کرنے کی ضرورت ہے۔ وزیر اعظم نے یہ بھی کہا کہ نوجوانوں کو ملک کو ترقی یافتہ بنانے کی قومی دھارے سے جوڑنا ہوگا۔

پی۔ چدمبرم سے قبل کانگریس کے جنرل سکریٹری جے رام رمیش نے بھی وزیر اعظم کے بیان پر ردعمل ظاہر کیا تھا۔ انہوں نے کہا تھا کہ پہلے مخالفین کو 'اربن نکسل' کہا جاتا تھا اور اب 'دماغی نکسل' کہا جارہا ہے۔ جے رام رمیش نے اسے وزیر اعظم کی مایوسی کی علامت قرار دیا۔ انہوں نے یہ بھی دعویٰ کیا کہ جن مطالبات کی مبینہ 'اربن نکسل' یا اب 'دماغی نکسل' وکالت کرتے ہیں، حکومت آخر کار وہی کام کرتی ہے۔ کانگریس کی ترجمان سپریا شرینیت نے بھی 'ایکس' پر پوسٹ کر کے وزیر اعظم مودی کو نشانہ بنایا۔ انہوں نے سوال اٹھایا کہ کیا ملک کے نوجوانوں کو صرف اس لیے 'دماغی نکسل' کہا جارہا ہے کیونکہ وہ وزیر اعظم سے سوال کرتے ہیں؟ انہوں نے وزیر اعظم کی تقریباً 75 منٹ کی تقریر کو اکتاہٹ بھری قرار دیتے ہوئے کہا کہ اس میں انہیں ایک شکست خوردہ اور تھکا ہوا شخص نظر آیا، جسے زمینی حقیقت کا کوئی اندازہ نہیں ہے۔ سپریا شرینیت نے وزیر اعظم کی جانب سے پنڈت نہرو کو 'مہاپرش' کہے جانے کا بھی ذکر کیا۔

## امت شاہ نے راجستھان میں واجپئی کے سب سے بڑے دھاتی مجسمے کی نقاب کشائی کی



چتوڑ گڑھ، (یو این آئی) مرکزی وزیر داخلہ امت شاہ نے راجستھان کے وزیرِ اعلیٰ بھجن لال شرما کی تعریف کرتے ہوئے کہا ہے کہ وہ وعدے پورے کرنے کی سمت میں تیز رفتار سے کام کر رہے ہیں۔ مسٹر شاہ اتوار کے روز چتوڑ گڑھ کے نمبا ہیڑا میں سابق وزیرِ اعظم اٹل بہاری واجپئی کے مجسمے کی نقاب کشائی کے بعد منعقدہ ''اٹل گورو اسمرتی سماروہ'' سے خطاب کر رہے تھے۔ انہوں نے کہا کہ راجستھان کو پانی کی کمی کے لیے جانا جاتا تھا، لیکن مسٹر شرما نے تین بڑے آبی معاہدے کر کے آدھے راجستھان کی پیاس بجھانے کا کام کیا ہے۔ ہریانہ، گجرات اور پنجاب تک کا پانی وہ یہاں لائے ہیں۔ اس کے ساتھ ہی پورے راجستھان کو ہریالی سے بھرنے کے لیے ریاست میں ایک خصوصی مہم بھی چلائی جارہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ مسٹر شرما کی قیادت میں منعقدہ رائزنگ راجستھان گلوبل انویسٹمنٹ سمٹ'' میں 35 لاکھ کروڑ روپے کی سرمایہ کاری کی تجاویز آئی ہیں۔ راجستھان کی ترقی کے لیے 36 نئی پالیسیاں بنائی گئی ہیں۔ ریاست میں ایک لاکھ 78 ہزار سے زائد نوجوانوں کو سرکاری نوکریاں دی گئی ہیں۔ غریب خاندانوں کو 450 روپے میں گیس سلنڈر دیا جارہا ہے۔ اب تک ریاست میں پانچ کروڑ 87 لاکھ سلنڈروں پر سبسڈی دی جا چکی ہے۔ مکھیہ منتری آیوشمان آروگیہ یوجنا' کے تحت ریاست میں 45 لاکھ افراد کو فائدہ ملا ہے۔ انہوں نے کہا کہ وزیرِ اعظم نریندر مودی کی رہنمائی اور وزیرِ اعلیٰ بھجن لال شرما کی قیادت میں راجستھان بہت آگے بڑھنے والا ہے۔ اس موقع پر 15 اضلاع میں پانچ ہزار 659 کروڑ روپے کے 944 ترقیاتی کاموں کا افتتاح اور سنگِ بنیاد رکھا گیا۔ اس کے ساتھ ہی 'جل جیون مشن'' کے تحت ایک ہزار 500 گاؤں کو ہر گھر نل سے پانی کا تحفہ دیا گیا۔ اس سے قبل مسٹر شاہ نے مسٹر واجپئی کے آٹھ دھاتوں سے تیار کردہ مجسمے کی نقاب کشائی کی اور پھول چڑھا کر خراجِ عقیدت پیش کیا۔ انہوں نے پنچ گورو پویلین، بھارت ٹیکسی، ای۔پیکس، پردھان منتری بھارتیہ جن اوشدھی مرکز، چتوڑ گڑھ سینٹرل کوآپریٹو بینک لمیٹڈ نیز صنعت و تجارت کے محکمے کی نمائش کا معائنہ بھی کیا۔

## 'پیپر لیک کی راجدھانی بنتا جارہا ہے بہار'، تیجسوی یادو کا جے ڈی یو-بی جے پی حکومت پر حملہ



پٹنہ (ایجنسی) آر جے ڈی رہنما اور بہار اسمبلی میں قائد حزب اختلاف تیجسوی یادو نے ریاست میں بگڑتی ہوئی قانون و انتظام کی صورت حال اور امتحانات میں بے ضابطگیوں کو لے کر اتوار کو این ڈی اے حکومت کو سخت تنقید کا نشانہ بنایا۔ انہوں نے الزام عائد کیا کہ بہار اب ایگزام پیپر لیک کی راجدھانی بنتا جارہا ہے اور ریاست میں نظم و نسق پوری طرح ناکام ہو چکا ہے۔ تیجسوی یادو نے صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ بہار میں دسویں اور بارہویں جماعت کے امتحانات سمیت مختلف مسابقتی امتحانات بھی بے ضابطگیوں اور سوالیہ پرچوں کے افشا سے متاثر ہورہے ہیں۔ ان کے مطابق امتحانات میں شفافیت کے فقدان سے طلبہ اور نوجوانوں کا نظام پر اعتماد متاثر ہورہا ہے۔ آر جے ڈی رہنما نے طلبہ کے احتجاج سے نمٹنے کے حکومتی طریقہ کار پر بھی سوال اٹھایا۔ انہوں نے الزام لگایا کہ جب طلبہ سوالیہ پرچے لیک ہونے کے خلاف احتجاج کرتے ہیں تو ان کے ساتھ مار پیٹ کی جاتی ہے اور ان پر لاٹھی چارج کیا جاتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ریاست میں احتجاج کرنے والے طلبہ کے خلاف اے کے-47 رائفل کا بھی استعمال کیا گیا۔

تیجسوی یادو نے کہا کہ مہا گٹھ بندھن میں شامل جماعتیں سیوان میں طلبہ کے احتجاج کے دوران پولیس کی جانب سے اے کے-47 کے استعمال کے معاملے کو لے کر 19 اگست کو پٹنہ میں واقع لوک بھون تک مارچ کریں گی۔ انہوں نے کہا کہ مہا گٹھ بندھن کے رہنما سیوان کے واقعے کے سلسلے میں گورنر کو ایک یادداشت بھی پیش کریں گے۔ انہوں نے کہا کہ اس واقعے میں اے کے-47 استعمال کرنے والے ایک سپاہی کو معطل کرنا کافی نہیں ہے۔ تیجسوی یادو نے مطالبہ کیا کہ اس افسر کے خلاف بھی کارروائی کی جائے جس نے احتجاج کرنے والے طلبہ کے خلاف اے کے-47 کے استعمال کا حکم دیا تھا۔

دریں اثنا، بائیں بازو کی طلبہ تنظیموں کے ارکان نے نیٹ سوالیہ پرچے لیک اور مظاہرین کے خلاف پولیس کارروائی کے خلاف 25 جولائی کو بہار بند کی حمایت میں ریاست کے کئی اضلاع میں احتجاج کیا تھا۔ اس دوران کئی مقامات پر مظاہرین اور سکیورٹی اہلکاروں کے درمیان جھڑپیں بھی ہوئی تھیں۔ بہار بند کے دوران پٹنہ، سارن، سیوان، اورنگ آباد، بھاگلپور، سیتامڑھی، پورنیہ اور بھوجپور میں احتجاج نے پرتشدد شکل اختیار کر لی تھی، جبکہ سمستی پور، نوادہ، نالندہ، مدھوبنی اور شیخ پورہ میں نسبتاً معمولی مظاہرے ہوئے تھے۔

## وطن سے محبت کو کردار بنائیں، تعمیر و ترقی کو شعار بنائیں: مولانا محمد اظہر مدنی

### 80ویں یومِ آزادی کی مناسبت سے اقرا انٹرنیشنل اسکول میں پرچم کشائی کی تقریب، طلبہ وطالبات نے پیش کیے متنوع اور بامقصد ثقافتی پروگرام

نئی دہلی، (یواین آئی) جنوبی دہلی میں واقع عصری تعلیمی و تربیتی ادارہ اقرا انٹرنیشنل اسکول میں ملک کے 80ویں یومِ آزادی کے موقع پر نہایت شاندار اور بامقصد تقریبِ پرچم کشائی اور جشنِ آزادی کا انعقاد عمل میں آیا، جس میں علاقے کی متعدد دینی، علمی، سماجی اور سیاسی شخصیات کے علاوہ طلبہ وطالبات اور ان کے والدین وسرپرستان نے شرکت کی۔ پروگرام کے آغاز میں اسکول کے ڈائریکٹر مولانا محمد اظہر مدنی کے ہاتھوں قومی پرچم ترنگا لہرایا گیا۔ اس موقع پر کلاس ہفتم کی طالبات نے قومی ترانہ جن گن من نہایت جوش وجذبے اور حب الوطنی کے احساس کے ساتھ پیش کیا۔ بعد ازاں طلبہ و طالبات کے متنوع ثقافتی پروگراموں کا آغاز ہوا، جس کی ابتدا عائشہ عبدالرحمن اور ان کے رفقاء کی تلاوتِ کلامِ پاک اور اس کے اردو و انگریزی ترجمے سے ہوئی۔ آسیہ وسیم اور ان کی سہیلیوں نے حدیثِ نبوی ﷺ اور اس کا اردو و انگریزی ترجمہ پیش کیا۔ اس کے بعد طلبہ و طالبات نے اردو، ہندی، انگریزی اور عربی زبانوں میں مختلف موضوعات پر مفید اور معنی خیز تقاریر پیش کیں۔ علینہ ساحل (کلاس نہم)، قدسیہ (کلاس ہشتم)، رباب (کلاس دوم)، حماد نسیم (کلاس سوم)، احمد وسیم (کلاس چہارم)، یوشع احمد (کلاس چہارم)، رقیہ عبدالرحمن (کلاس ہشتم)، زینب شفیق الرحمن (کلاس دوم) اور دیگر طلبہ وطالبات نے اپنی شاندار پیشکشوں سے حاضرین کو متاثر کیا۔

حمدان سعید اور ان کے ساتھیوں نے جنک فوڈ اور صحت بخش غذا کے موضوع پر ایک خوبصورت تمثیلیہ پیش کیا، جس کے ذریعے بچوں اور ان کے والدین وسرپرستان کو صحت بخش غذا کے استعمال کی ترغیب دی گئی اور جنک فوڈ کے مضر اثرات سے آگاہ کیا گیا۔ طلبہ نے مؤثر انداز میں یہ پیغام دیا کہ صحت بخش غذا صحت مند زندگی کی ضمانت ہے، جب کہ جنک فوڈ کا کثرت سے استعمال صحت کے لیے نقصان دہ ثابت ہوسکتا ہے۔ اسی طرح سمیہ ارشاد (کلاس پنجم) اور ان کی سہیلیوں نے ''ڈرگس: ایک سماجی ناسور'' کے عنوان سے تمثیلیہ پیش کیا، جس میں معاشرے میں پھیلتے ہوئے منشیات کے عفریت سے بچنے اور نوجوان نسل کو اس سے محفوظ رکھنے کا پیغام دیا گیا۔ صفائی وستھرائی کی اہمیت اجاگر کرنے والے متعدد مکالمے بھی پیش کیے گئے۔ کلاس اول کے طلبہ وطالبات نے مجاہدینِ آزادی کے کردار پر مبنی مکالمے نہایت مؤثر انداز میں پیش کیے، جب کہ مختلف گروپس نے دیش بھکتی اور حب الوطنی پر مبنی متنوع نغموں پر خوبصورت پرفارمنس پیش کر کے حاضرین سے خوب دادِ تحسین حاصل کی۔ دیگر پروگراموں میں بھی آزادی کی اہمیت، اس کے تقاضوں اور مجاہدینِ آزادی کی بے مثال قربانیوں کو خراجِ تحسین پیش کیا گیا۔ اس موقع پر اسکول کے بانی مولانا اصغر علی امام مہدی سلفی نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ ہم ملک کا 80واں یومِ آزادی منا رہے ہیں اور ہمیں قومی تہواروں میں بڑھ چڑھ کر حصہ لینا چاہیے۔ آزادی ایک عظیم نعمت ہے، جس کے حصول کے لیے ہمارے اسلاف نے غلامی کے خلاف طویل جدوجہد کی اور بے مثال قربانیاں پیش کیں۔ اس نعمت کی قدر کرنا ہم سب کا فریضہ ہے۔ انہوں نے کہا کہ آزادی کی قدر کا حقیقی مفہوم صرف جشن منانا نہیں، بلکہ وطن کی تعمیر وترقی میں اپنا کردار ادا کرنا، مجاہدینِ آزادی کی قربانیوں کو یاد رکھنا اور ایسا عمل وکردار اختیار کرنا ہے جس سے ہمارا وطن ترقی کی راہ پر گامزن ہو۔ ہمیں ہر اس کام سے اجتناب کرنا چاہیے جو ملک کی ترقی اور خوش حالی کی راہ میں رکاوٹ بنتا ہو۔ مولانا اصغر علی امام مہدی سلفی نے مزید کہا کہ یومِ آزادی ہمیں اس عزم کی تجدید کا موقع فراہم کرتا ہے کہ ہم آزادی کے تقاضوں کو سمجھیں گے اور کوئی ایسا عمل نہیں کریں گے جو اس کی روح اور حقیقی مفہوم کے منافی ہو۔

## انڈین یونین مسلم لیگ کی یومِ آزادی تقریب، سیاسی شعور بیدار کرنے پر زور

نئی دہلی (یواین آئی) انڈین یونین مسلم لیگ، دہلی پردیش کی جانب سے ہندوستان کے 80ویں یومِ آزادی کے موقع پر قائدِ ملت سینٹر، دریا گنج، نئی دہلی میں پرچم کشائی کی تقریب منعقد کی گئی۔ تقریب میں دہلی پردیش کے صدر مولانا نثار احمد نقشبندی، شیخ فیصل حسن، سکریٹری عمران اعجاز، یوتھ لیگ کے کارکنان، محمد اتیب، محمد آصف انصاری، مولانا معین الدین سمیت سیکڑوں کارکنان نے شرکت کی۔ اس موقع پر مولانا نثار احمد نقشبندی نے کہا کہ یومِ آزادی ہمارے لیے صرف جشن کا دن نہیں بلکہ احتساب اور غور وفکر کا بھی موقع ہے۔ مسلمانوں کو اپنی سیاسی صورتحال کا جائزہ لیتے ہوئے سیاسی شعور اور اجتماعی قوت پیدا کرنا ہوگی۔ انہوں نے کہا کہ مختلف جماعتوں کے ٹکٹ پر منتخب ہونے والے مسلم نمائندے لازماً مسلمانوں کے نمائندے نہیں ہوتے، کیونکہ وہ اپنی پارٹی کی پالیسی کے مطابق کام کرتے ہیں۔

## بنگلہ دیش کی طارق کے دورہ ہند کے لیے سازگار ماحول بنانے کی اپیل

ڈھاکہ/نئی دہلی، (یواین آئی) بنگلہ دیش نے اتوار کے روز ہندستان سے سابق وزیرِ اعظم شیخ حسینہ کی حوالگی کی اپنی درخواست پر جلد کارروائی کرنے اور وزیرِ اعظم طارق رحمان کے دورہ ہند کے لیے ''سازگار ماحول'' بنانے میں مدد کرنے کی اپیل کی۔ وزارتِ خارجہ کے ترجمان شاہد الکریم نے وزارت میں میڈیا بریفنگ کے دوران کہا، ''ہم نے اس معاملے میں اپنا موقف واضح کر دیا ہے۔ ہمارا ماننا ہے کہ اس دورے کے لیے مناسب ماحول تیار کیا جانا چاہیے۔ انہوں نے کہا، ''اس سمت میں ہم نے ہندستانی حکام سے شیخ حسینہ اور دیگر فرار ملزمان کی حوالگی کی ہماری درخواست پر جلد کارروائی کرنے کا مطالبہ کیا ہے۔ ترجمان نے کہا کہ مسٹر طارق رحمان کے ہندستان کے دوطرفہ دورے کے امکانات پر بنگلہ دیش اور ہندستان کے حکام گزشتہ کئی ہفتوں سے ایک دوسرے کے رابطے میں ہیں۔ انہوں نے کہا کہ نئی دہلی میں پانچ اگست کو محترمہ حسینہ کی جانب سے کھلے عام میڈیا سے بات چیت کیے جانے کے بعد یہ عمل متاثر ہوا۔ بنگلہ دیش کے مطابق، شیخ حسینہ کو ملک کے نام نہاد انٹرنیشنل کرائمز ٹربیونل نے انسانیت کے خلاف جرائم کے معاملے میں قصوروار ٹھہرایا ہے۔ بنگلہ دیش نے محترمہ حسینہ کی حوالگی کے علاوہ انقلاب منچ کے ترجمان شریف عثمان ہادی کے قتل کے ملزمان کو بھی ہندستان سے سونپنے کی درخواست کی ہے۔ بنگلہ دیش نے یہ مطالبہ دونوں ملکوں کے درمیان طے حوالگی کے معاہدے کے تحت کیا ہے۔ ترجمان نے کہا، ''ہم ان کے جواب کے منتظر ہیں۔'' رپورٹس کے مطابق، وزیرِ اعظم طارق رحمان کے 20 سے 25 اگست کے درمیان ہندستان آنے کا امکان ہے۔ ترجمان نے کہا کہ بنگلہ دیش اپنی ''بنگلہ دیش فرسٹ'' پالیسی پر قائم رہے گا اور خود مختارانہ برابری، قومی وقار، ایک دوسرے کے اندرونی معاملات میں مداخلت نہ کرنے اور باہمی مفادات کی بنیاد پر ہندستان اور دیگر ممالک و پڑوسی ممالک کے ساتھ دوستانہ دوطرفہ تعلقات کو فروغ دیتا رہے گا۔ مسٹر طارق رحمان کے ممکنہ دورہ ہند پر قیاس آرائیوں نے 10 اگست کو ڈھاکہ میں ہندستانی ہائی کمشنر دنیش ترویدی اور وزیرِ اعظم رحمان کی ملاقات نیز اگلے دن مسٹر ترویدی کے نئی دہلی کے دورے کے بعد تیز ہوگئی ہیں۔ مسٹر ترویدی نے 11 اگست کو وزیرِ اعظم نریندر مودی سے بھی ملاقات کی تھی۔

## واحد ایجنڈا مودی کو بچانا ہے، کانگریس نے خواتین کے ریزرویشن پر وزیر اعظم کی اپیل کو ڈرامہ قرار دیا



نئی دہلی: کانگریس پارٹی نے اتوار کو وزیر اعظم نریندر مودی کی طرف سے اپوزیشن جماعتوں سے خواتین کے ریزرویشن کو لاگو کرنے کے لیے حد بندی بل کی حمایت کرنے کی اپیل کو ڈرامہ قرار دیا اور الزام لگایا کہ ان کا واحد ایجنڈا مودی کو بچانا ہے خواتین کا ریزرویشن نہیں۔ کانگریس جنرل سکریٹری انچارج کمیونیکیشن جے رام رمیش نے وزیر اعظم مودی کی اپیل کے پیچھے محرکات پر سوال اٹھایا اور کہا کہ لال قلعہ سے تقریر کرنے کے بجائے انہیں 2029 کے انتخابات کے لئے لوک سبھا کی موجودہ طاقت پر خواتین کے ریزرویشن کو نافذ کرنا چاہئے۔ جب ان سے یوم آزادی کی تقریر میں اپوزیشن جماعتوں سے وزیر اعظم مودی کی اپیل کے بارے میں پوچھا گیا تو رمیش نے کہا کہ وقت کو سمجھنا ضروری ہے، کیونکہ 1993 میں 73ویں اور 74ویں آئینی ترمیمی بل منظور کیے گئے تھے، جن میں پنچایتوں، ضلع کونسلوں، بلاک پنچایتوں اور بلدیات میں خواتین کے لیے ایک تہائی ریزرویشن فراہم کیا گیا تھا۔ خبر رساں ایجنسی پی ٹی آئی سے بات کرتے ہوئے، رمیش نے کہا کہ راجیو گاندھی نے نچلی سطح پر اس پر کام کیا ہے اور اس دفعہ کو آئین میں شامل کرانے میں کلیدی کردار ادا کیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ناری شکتی وندن ایکٹ، 2023، ستمبر 2023 میں متفقہ طور پر منظور کیا گیا تھا۔ کانگریس کے صدر ملکارجن کھرگے نے خود کہا تھا کہ لوک سبھا اور ریاستی اسمبلیوں میں خواتین کے ریزرویشن کو فوری طور پر لاگو کیا جانا چاہئے۔ رمیش نے کہا کہ کانگریس اور دیگر اپوزیشن جماعتوں نے بار بار مطالبہ کیا ہے کہ 543 رکنی لوک سبھا میں خواتین کے ریزرویشن کو لاگو کیا جائے، جس کا مطلب ہے کہ خواتین کے لیے 182 سیٹیں ریزرو کی جائیں۔ اچانک، 16 اپریل، 2026 کو رات 11 بجے، جب پارلیمنٹ میں حد بندی کے معاملے پر بحث ہورہی تھی، ناری شکتی وندن ایکٹ، 2023 کو نوٹیفائی کیا گیا۔

انہوں نے کہا کہ حکومت کی واحد دلچسپی خواتین کے تحفظات کو حد بندی سے جوڑنے میں ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ حکومت دو تہائی اکثریت حاصل کرنے کی کوشش کر رہی ہے لیکن ناکام رہی ہے اور حد بندی سے متعلق آئینی ترمیمی بل بھی مانسون اجلاس میں پیش نہیں کیا جاسکا۔ رمیش نے کہا کہ ان کے پاس دو تہائی اکثریت نہیں ہے اور نہ کبھی ملے گی۔ کانگریس جنرل سکریٹری نے کہا کہ لال قلعہ سے بار بار تبلیغ کرنے اور یہ ڈرامہ کرنے کے بجائے وزیر اعظم مودی کو 2029 کے عام انتخابات سے موجودہ لوک سبھا طاقت کی بنیاد پر خواتین کے تحفظات کو نافذ کرنا چاہئے۔ رمیش نے کہا کہ پی ایم کا واحد ایجنڈا مودی کو بچانا ہے، خواتین کے تحفظات نہیں۔ اپنی یوم آزادی کی تقریر میں، پی ایم مودی نے اپوزیشن جماعتوں سے حد بندی سے متعلق خواتین کے ریزرویشن بل کی حمایت کرنے کی اپیل کرتے ہوئے کہا کہ یہ مسئلہ گزشتہ 40 سالوں سے سیاسی میدان میں پھنسا ہوا ہے۔ انہوں نے یہ بھی کہا کہ سیاسی جماعتیں مجوزہ قانون کی منظوری کا کریڈٹ لے سکتی ہیں۔ آئینی ترمیمی بل، بجٹ اجلاس کے دوران پیش کیا گیا، جس کا مقصد 2029 تک قانون ساز اسمبلیوں میں خواتین کے لیے 33 فیصد ریزرویشن کو نافذ کرنا اور لوک سبھا کی نشستوں کی تعداد 543 سے بڑھا کر 816 کرنا ہے۔ لوک سبھا میں مجوزہ قانون کو منظور کرنے کے لیے دو تہائی اکثریت کی ضرورت تھی، لیکن حزب اختلاف کی جماعتوں کی شکست کی وجہ سے بل کو مسترد کر دیا گیا۔ لوک سبھا میں ووٹ دینے والے 528 ممبران پارلیمنٹ میں سے 298 نے حق میں ووٹ دیا جبکہ 230 نے مخالفت کی۔ بل کے لیے دو تہائی اکثریت کے لیے 352 ووٹ درکار تھے۔

## آر ایس ایس کی رجسٹریشن کا معاملہ مالی جواب دہی پر کانگریس اور بی جے پی کے درمیان سیاسی جنگ میں تبدیل

بنگلورو، 15 اگست (یواین آئی) کرناٹک میں راشٹریہ سویم سیوک سنگھ (آر ایس ایس) کی رجسٹریشن کے معاملے پر سیاسی تنازع کانگریس اور بی جے پی کے درمیان براہِ راست محاذ آرائی میں تبدیل ہو گیا ہے۔ حکمراں جماعت نے سوال اٹھایا ہے کہ یہ تنظیم باضابطہ رجسٹریشن اور مالی جانچ پڑتال سے باہر کیوں رہے۔ یہ معاملہ اس وقت مزید نمایاں ہوا جب بی جے پی رہنما بی ایل سنتوش نے مبینہ طور پر کہا کہ آر ایس ایس رجسٹرڈ نہیں ہے اور مستقبل میں بھی رجسٹریشن نہیں کرائے گی۔ کرناٹک کے وزیر وجے آنند کاشپنور نے اس بیان کو بنیاد بنا کر تنظیم کی مالی شفافیت پر سوال اٹھایا۔ انہوں نے کہا کہ سرکاری طور پر قانونی حیثیت اور جواب دہی چاہنے والی کسی بھی تنظیم کے لیے رجسٹریشن ضروری ہے۔ انہوں نے سوال کیا کہ ''اگر رجسٹریشن ہو جائے تو اکاؤنٹس اور فنڈز کے ذرائع کی جانچ کی جا سکتی ہے۔ کوئی بھی تنظیم ایسی جانچ پڑتال سے باہر کیوں رہے؟'' انہوں نے آر ایس ایس اور بی جے پی کے مالی معاملات کی بھی تحقیقات کا مطالبہ کیا۔ کاشپنور نے بی جے پی کے مالی وسائل کے ذرائع کی جانچ کا بھی مطالبہ کیا اور کہا کہ سیاسی تنظیموں کو جواب دہی سے مستثنیٰ نہیں ہونا چاہیے۔

کانگریس نے اس حملے کو مزید تیز کرتے ہوئے وزیر پریانک کھرگے نے سرکاری عمارتوں اور عوامی املاک کے نجی تنظیموں کے استعمال کو منظم کرنے سے متعلق مجوزہ قانون کی بی جے پی کی مخالفت پر سوال اٹھایا۔ کھرگے نے پوچھا کہ زیادہ شفافیت اور جواب دہی یقینی بنانے کے مقصد سے بنائے جانے والے قانون پر بی جے پی کو تشویش کیوں ہے۔ انہوں نے کہا کہ یکساں قانونی معیار ہر تنظیم پر لاگو ہونا چاہیے۔ دوسری جانب بی جے پی نے کانگریس حکومت پر الزام عائد کیا ہے کہ وہ مجوزہ عوامی املاک سے متعلق قانون کے ذریعے آر ایس ایس کو نشانہ بنا کر اس کی سرگرمیوں کو محدود کرنا چاہتی ہے۔ اس طرح یہ تنازع محض رجسٹریشن کے سوال سے آگے بڑھ گیا ہے۔ کانگریس نے آر ایس ایس کے مالی معاملات اور جواب دہی کو سیاسی جنگ کا مرکزی موضوع بنا دیا ہے، جبکہ بی جے پی حکومت کے اقدام کو تنظیم کی سرگرمیوں پر قدغن لگانے کی کوشش قرار دے رہی ہے۔

## آئینی اقدار کی پاسداری ہی حقیقی حُب الوطنی ہے: شیخ ابوبکر

### آزادی کے 80ویں سالگرہ پر کالی کٹ مرکز الثقافۃ میں جشن یوم آزادی




کالی کٹ (عبدالکریم امجدی) ہندوستان میں مختلف مذاہب، زبانوں، ثقافتوں اور روایات کے لوگ آباد ہیں۔ قوم کو متحد رکھنے کے لیے ملک کے معماروں نے آئین میں ایسے اصول شامل کیے جو سب کے حقوق اور مساوات کی ضمانت دیتے ہیں۔ ان آئینی اصولوں کو نظر انداز یا کمزور کرنا ملک کے اتحاد واستحکام کے لیے نقصان دہ ہے۔ آئین کی اقدار کی حفاظت اور ان پر عمل کرنا ہی حقیقی حب الوطنی ہے۔ ان خیالات کا اظہار گرانڈ مفتی آف انڈیا شیخ ابوبکر احمد نے 80ویں یومِ آزادی کے موقع پر مرکز سینٹرل کیمپس میں قومی پرچم لہرانے کے بعد خطاب کرتے ہوئے کیا۔ شیخ نے کہا کہ آئینی اداروں کی شفافیت، خود مختاری اور عوامی اعتماد کو برقرار رکھنا ملک کی بقا، استحکام اور ترقی کے لیے ناگزیر ہے۔ اس سلسلے میں سیاسی وابستگیوں اور اختلافات سے بالاتر ہو کر تمام شہریوں کو اپنا کردار ادا کرنا چاہیے۔ انہوں نے مزید کہا کہ آزادی کا مطلب کسی دوسرے فرد کے حقوق سلب کرنے یا قانون کی خلاف ورزی کرنے کا اختیار نہیں، بلکہ یہ ملک کے آئین وقوانین کی پاسداری کرتے ہوئے سماجی ہم آہنگی، بھائی چارے اور قومی یکجہتی کو مضبوط بنانے کا بہترین موقع ہے۔ اس موقع پر شیخ ابوبکر احمد نے آئین کی پاسداری کا حلف بھی دلایا۔ تقریب میں مرکز میں زیر تعلیم ہندوستان کی 20 ریاستوں سے تعلق رکھنے والے طلبہ نے شرکت کی۔ اس موقع پر مرکز کے ڈائریکٹر جنرل سی محمد فیضی نے پیغامِ آزادی پیش کیا۔ انہوں نے کہا کہ یہ دن ہمیں ان عظیم قربانیوں کی یاد دلاتا ہے جن کے نتیجے میں ہمارا ملک آزادی کی نعمت سے سرفراز ہوا۔ آزادی محض ایک تاریخی واقعہ نہیں، بلکہ یہ ہماری مشترکہ ذمہ داری ہے کہ ہم ملک کی سالمیت، امن، جمہوریت اور ترقی کے تحفظ کے لیے اپنا کردار ادا کریں۔ اور مرکز ڈائریکٹر بورڈ کے اراکین وی ایم رشید ثقافی، انیس محمد، شمیم کے کے اور ڈاکٹر روشن نورانی سمیت مختلف اداروں کے طلبہ، اساتذہ اور دیگر ذمہ داران بھی شریک رہے۔

## کانگریس 2027 میں پنجاب میں حکومت بنائے گی، راہل گاندھی 2029 میں وزیر اعظم بنیں گے: رندھاوا

لدھیانہ، (یواین آئی) پنجاب کے سابق نائب وزیر اعلیٰ اور گرداسپور کے رکن پارلیمنٹ سکھجندر سنگھ رندھاوا نے اتوار کو لدھیانہ میں اسد وشہادت کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے دعویٰ کیا کہ 2027 کے اسمبلی انتخابات میں پنجاب میں کانگریس کی حکومت بنے گی اور 2029 میں راہل گاندھی کو ملک کا وزیر اعظم بنایا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ یہ پنجاب کی پگڑی اور عزت کا سوال ہے اور کانگریس پنجاب کی پگڑی کو داغدار نہیں ہونے دے گی۔ مسٹر رندھاوا نے کہا کہ کانگریس کارکنوں کی عزت اور پنجاب کی عزت پارٹی کے لئے سب سے اہم ہے۔ انہوں نے کہا کہ کوئی بھی سیاسی جماعت کارکنوں کو نظر انداز کر کے اقتدار میں نہیں آسکتی۔ کارکنوں نے اپنے خون اور پسینے سے کانگریس پارٹی کی آبیاری کی ہے اور آج پنجاب میں پارٹی کا کھڑا ہونا صرف ایک فرد نہیں بلکہ ہر کارکن کے تعاون کی وجہ سے ہے۔ انہوں نے کہا کہ کانگریس ورکنگ کمیٹی کے ممبر کی حیثیت سے ان کی اور سابق وزیر اعلیٰ چرنجیت سنگھ چنی کی ذمہ داری ہے کہ وہ پنجاب میں کانگریس کو مضبوط کریں۔ انہوں نے کہا کہ کانگریس کارکنوں کو پارٹی سے بہت امیدیں ہیں اور کانگریس مرکز میں بی جے پی حکومت کا سیاسی طور پر مقابلہ کرتے ہوئے پنجاب کے مفادات کا دفاع کرے گی۔ پچھلی کانگریس حکومت کی میعاد کا ذکر کرتے ہوئے مسٹر رندھاوا نے کہا کہ ان کی 111 دن کی میعاد 11 سال کے برابر تھی۔ انہوں نے کہا کہ کانگریس ان کے خون میں شامل ہے اور انہیں اپنی رکنیت کی تصدیق کے لئے کسی کی ضرورت نہیں ہے۔ عہدے اور صدور آتے جاتے رہتے ہیں لیکن کانگریس ثابت قدم رہتی ہے۔ کانگریس میں مبینہ دھڑے بندی کے بارے میں مسٹر رندھاوا نے کہا کہ پارٹی کو مضبوط کرنا اور الیکشن جیتنا اس وقت ترجیح ہونی چاہئے۔ انہوں نے کہا کہ اگرچہ کانگریس کی تاریخ میں بڑے دھڑے اور اختلافات رہے ہیں، پارٹی نے ہمیشہ متحد ہو کر انتخابی چیلنجوں کا سامنا کیا ہے۔

## 80ویں یوم آزادی کے موقعے پر قومی اردو کونسل میں پرچم کشائی کی تقریب




نئی دہلی: قومی کونسل برائے فروغ اردو زبان، نئی دہلی کے صدر دفتر میں آج 80ویں یوم آزادی کے موقعے پر آزادی کا جشن مناتے ہوئے پرچم کشائی کی گئی اور جوش وخروش کے ساتھ قومی ترانہ گایا گیا۔ اس موقعے پر قومی اردو کونسل کے ڈائرکٹر ڈاکٹر محمد شمس اقبال نے کہا کہ آج کا دن، ہم تمام ہندوستانیوں کے لیے نہایت اہم اور جشن کا دن ہے۔ آج ہندوستان اپنا 80واں یوم آزادی منا رہا ہے۔ یہ دن ایک طویل جدوجہد کا نتیجہ ہے، جس میں ہندوستان کے تمام مذاہب وطبقات کے افراد کی قربانیاں شامل ہیں۔ ہندوستان نے آزادی کے بعد ایک لمبا سفر طے کرتے ہوئے علوم وفنون اور ترقی کی راہیں طے کی ہیں۔ یہ سفر مسلسل جاری ہے اور وزیر اعظم نریندر مودی کے 'وکست بھارت 2047' کے خواب کو شرمندۂ تعبیر کرنے کی طرف گامزن ہے۔ ملک کی اس ترقی میں دیگر علوم وفنون کے ساتھ ہندوستانی زبانوں نے بھی اہم کردار ادا کیا ہے۔ جنگ آزادی میں اردو ادب وصحافت کی بے مثال خدمات کا ہر کوئی معترف ہے۔ ہمیں خوشی ہے کہ ہم اس زبان کے ذریعے ہندوستان کی مشترکہ تہذیب کو فروغ دینے اور ملک کو آگے بڑھانے میں سرگرم عمل ہیں۔ پرچم کشائی کے اس موقعے پر کونسل میں جشن کا ماحول دیکھا گیا۔ بچوں نے بھی نہایت جوش وخروش کے ساتھ شرکت کی اور حب الوطنی کا ثبوت پیش کیا۔ اس موقعے پر قومی اردو کونسل کے اسسٹنٹ ڈائرکٹرز، ریسرچ افسران اور اراکین بھی موجود رہے۔

